https://www.jmi.ac.in

دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

لائبریری ماضی کے ورثے، حال کی تشکیل اور مستقبل کی تعمیر کی امین ہے/ جنید حارث

شعبہ اسلامیات، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے طلبہ وطالبات کا 'ڈاکٹر ذاکر حسین لائبریری' کا دورہ

New Delhi 30,September 2026

'موجودہ دور میں جدید ڈیجیٹل دنیا کے علمی ومعلوماتی امکانات سے بہرہ مند ہونے کے ساتھ ساتھ قدیم کتب بینی کی روایت سے وابستگی بھی ہماری فکری زندگی کا ناگزیر تقاضا ہے۔ کتب خانے محض کتابوں کا مجموعہ نہیں، بلکہ تہذیبی حافظے اور انسانی دانش کے وہ امین ہیں، جو ہمیں ماضی کے فکری وتہذیبی ورثے سے جوڑتے ہیں، حال کی تشکیل میں بصیرت فراہم کرتے ہیں اور آنے والی نسلوں کے لیے ایک گراں قدر علمی سرمایہ محفوظ رکھنے کی راہ ہموار کرتے ہیں۔' ان خیالات کا اظہار جناب جنید حارث، صدر شعبہ اسلامک اسٹڈیز، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی نے بزمِ طلبہ کی جانب سے منعقد 'ڈاکٹر ذاکر حسین لائبریری' کے دورے کے موقع پر طلبہ وطالبات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انھوں نے اس امر پر زور دیا کہ طلبہ وطالبات اپنے علمی سفر کو جامعہ کی حدود تک محدود رکھنے کے بجائے بین الاقوامی وقومی کتب خانوں اور عالمی علمی مراکز کے دروازوں تک رسائی پیدا کریں، تاکہ ان کے مطالعے اور تحقیق میں وسعتِ نظر، گہرائی اور تنوع پیدا ہو۔ اسی سلسلے میں انھوں نے شعبہ اسلامک اسٹڈیز کی لائبریری کو ایک معیاری حوالہ جاتی لائبریری کے طور پر فروغ دینے اور اسے ریسرچ اسکالرس اور طلبہ کی علمی وتحقیقی ضروریات کے لیے مزید مؤثر بنانے کی خواہش کا اظہار کیا۔ ڈاکٹر جمیل احمد، اسسٹنٹ لائبریرین نے طلبہ وطالبات کو لائبریری کے مختلف شعبوں کا تفصیلی مشاہدہ کراتے ہوئے وہاں موجود علمی وتحقیقی وسائل اور سہولیات سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر شعبہ اسلامک اسٹڈیز کے اساتذہ ڈاکٹر محمد عمر فاروق، ڈاکٹر خورشید آفاق، ڈاکٹر جاوید اختر اور ڈاکٹر محمد اسامہ کے علاوہ ایم اے اور بی اے کے طلبہ وطالبات کی بڑی تعداد موجود تھی۔ اس دورے کو کامیاب بنانے میں بزم طلبہ کے مشیر ڈاکٹر خورشید آفاق، نائب صدر محمد گلفام، جنرل سکریٹری محمد عمر، معاون سکریٹری احسن اعجاز، صبیحہ علی بھٹو اور دیگر نمائندگان آمنہ خاتون، محمد شاداب ہاشمی، ادیبہ، ثمن کوثر، محمد تابش ابراہیم اور تسمیہ حیدر کا اہم کردار رہا۔

پروفیسر صائمہ سعید

افسر اعلیٰ تعلقات عامہ